# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، فیصل آباد

مراسلہ نمبر 1543 جی آر　　مورخہ 13-11-2026

جملہ پرنسپل، ہیڈ ماسٹر، ہیڈ مسٹریس
گورنمنٹ والحاق شدہ پرائیویٹ سکولز و کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز، فیصل آباد ڈویژن، فیصل آباد۔

**عنوان:** **جماعت نہم وگیارہویں برائے تعلیمی سیشن 28-2026 میں طلباء وطالبات کی بائیومیٹرک کا پراسیس شروع کر دیا گیا ہے**

تحریر ہے کہ حکومت پنجاب / کنٹرولنگ اتھارٹی کی ہدایات کے مطابق پنجاب بورڈز کے زیر اہتمام میٹرک وانٹرمیڈیٹ سطح کے امتحانی مراکز میں امتحان دینے والے طلباء وطالبات کیلئے بائیومیٹرک سسٹم لازمی قرار دے دیا گیا ہے۔اس لیے رجسٹریشن والے پورٹل میں ہی بائیومیٹرک کا سسٹم اپڈیٹ کر دیا گیا ہے

درج بالا ہدایات پر عمل درآمد کے سلسلہ میں سربراہان تعلیمی ادارہ جات کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ بورڈ ہذا کی جانب سے جماعت نہم وگیارہویں برائے تعلیمی سیشن 28-2026 کی رجسٹریشن شیڈول جاری ہونے سے قبل اپنے تعلیمی ادارہ میں بائیومیٹرک ڈیوائس (Secugen HU20-A Fingerprint Reader) اور لیپ ٹاپ / کمپیوٹر کی دستیابی کو یقینی بنائیں تا کہ تعلیمی سیشن 28-2026 میں رجسٹرڈ ہونے والے تمام امیدواران کے دونوں انگوٹھوں کے فنگر پرنٹس کی لائیو اسکیننگ کا پراسیس داخلہ فارم کا شیڈول جاری ہونے سے قبل ہر صورت مکمل کر لیا جائے۔واضح رہے ایسے امیدواران جن کا بائیومیٹرک پراسیس نامکمل ہوا ان کا داخلہ فارم روک دیا جائے گا۔جسکی تمام تر ذمہ داری سربراہ ادارہ پر عائد ہوگی۔

نوٹ: **واضح رہے کہ بورڈ تمام ادارہ جات کی بائیومیٹرک ڈیوائس/لیپ ٹاپ کی خریداری کیلئے کسی قسم کے اخراجات ادا نہیں کرے گا۔**

13.11.26

**ڈاکٹر غلام شبیر**
(سیکرٹری)

**کاپی برائے اطلاع:**

1- گورنمنٹ والحاق شدہ پرائیویٹ سکولز و کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز، فیصل آباد ڈویژن، فیصل آباد۔
2- برائے ویب سائٹ کمپیوٹر برانچ۔
3- داخلی تقسیم

CamScanner